# مثالی ازدواجی زندگی

## کے سنہری اصول



خوشگوار اور کامیاب
ازدواجی زندگی
گزارنے کے لئے
رہنما کتاب


محبوب العلماء والصلحاء

حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی مدظلہم



مکتبۃ الفقیر

223 سنت پورہ فیصل آباد

+92-041-2618003

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مثالی
# ازدواجی زندگی
# کے سنہری اصول

از افادات

محبوب العلماء والصلحاء

حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مدظلہ

ناشر

کتب خانہ نعیمیہ دیوبند ۲۴۷۵۵۴ (یوپی)

Phone: 01336 [illegible] 3204, (R) 224556, 222491
Fax: 01336-222491

# تفصیلات


بارِ اول : فروری ۲۰۰۶ء

ناشر : کتب خانہ نعیمیہ دیوبند

مطبع : بی۔کے۔آفسیٹ پریس، دیوبند

قیمت :


﴿ملنے کا پتہ﴾


قرأت اکیڈمی، ترکیسر، سورت (گجرات)

کتب خانہ نعیمیہ دیوبند

فون: (آفس) 223294 (رہائش) 224556

فیکس فون: 01336-222491

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ومن آياته أن خلق لكم من أنفسكم أزواجا لتسكنوا إليها

سنہ ۱۴۱۱

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تم میں سے جوڑے بنائے تا کہ تم ان سے سکون حاصل کرو

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | پیش لفظ.................. | 15 |
| | عرضِ مرتب.................. | 19 |
| 1 | اسلام اور ازدواجی زندگی | 21 |
| 1.1 | ہر چیز جوڑا جوڑا.................. | 22 |
| 1.2 | ازدواجی زندگی کی اہمیت.................. | 23 |
| 1.3 | انبیاء کرام کی سنتیں.................. | 24 |
| 1.4 | نکاح آدھا ایمان ہے.................. | 24 |
| 1.5 | پانچ وصیتیں.................. | 25 |
| 1.6 | بزرگوں کی احتیاط.................. | 26 |
| 1.7 | نکاح ایسے بھی ہوتا تھا......!!! | 26 |
| 1.8 | جوان بیٹیوں کو گھر میں بٹھانے کا وبال.................. | 27 |
| 1.9 | زنا اور نکاح میں فرق.................. | 28 |
| 1.10 | اہمیت نکاح.................. | 29 |
| 1.11 | اہمیت حق مہر.................. | 30 |
| 1.12 | نکاح کی تشہیر کا حکم.................. | 32 |
| 1.13 | مسجد میں نکاح کا فائدہ.................. | 32 |
| 1.14 | نکاح کی تقریب میں قبول اسلام.................. | 33 |
| 1.15 | افراط و تفریط سے بچیں.................. | 34 |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1.16 | قابلِ افسوس واقعہ........................ | 34 |
| 1.17 | دنیا میں جنت کے مزے........................ | 35 |
| 1.18 | خوش قسمت انسان........................ | 38 |
| 1.19 | بیوی کا انتخاب........................ | 39 |
| 1.20 | لو میرج نہیں لو آفٹر میرج........................ | 40 |
| 1.21 | شریعت پر عمل کی برکتیں........................ | 41 |
| 1.22 | نیک بیوی کی چار نشانیاں........................ | 43 |
| 1.23 | دنیا کی بہترین عورت........................ | 44 |
| 1.24 | اچھی بیوی کی صفات........................ | 44 |
| 1.25 | اچھے خاوند کی صفات........................ | 45 |
| 1.26 | بہترین خاوند کون؟........................ | 46 |
| 1.27 | اماں حوا علیہا السلام کو پسلی سے پیدا کرنے میں حکمت........................ | 47 |
| 1.28 | میاں بیوی کے تعلق کے بارے میں قرآنی مثال........................ | 48 |
| 1.29 | میاں بیوی کو لباس کیوں کہا؟........................ | 48 |
| 1.30 | خوشگوار ازدواجی زندگی........................ | 49 |
| 1.31 | منفی سوچ سے بچیں........................ | 51 |
| 1.32 | مسکرانا بھی نیکی ہے........................ | 52 |
| 1.33 | لکھ کر لٹکائیے........................ | 53 |
| 1.34 | عورتوں میں حوروں والی صفات........................ | 55 |
| 1.35 | انوکھا واقعہ........................ | 56 |
| 1.36 | خاوند کی ذمہ داری........................ | 56 |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 2 | شوہر کی دس خطرناک غلطیاں | 59 |
| 2.1 | آج کا عنوان........................................ | 60 |
| 2.2 | شادی کا مقصد........................................ | 61 |
| 2.3 | پرسکون زندگی کیسے؟........................................ | 61 |
| 2.4 | بیوی کی تین بنیادی ضرورتیں........................................ | 63 |
| 2.5 | (ا) تحفظ (Protection)........................................ | 64 |
| 2.6 | (۲) توجہ (Attention)........................................ | 65 |
| 2.7 | (۳) حوصلہ افزائی (Appreciitaion)........................................ | 67 |
| 2.8 | شوہروں کی دس خطرناک غلطیاں ........................................ | 68 |
| 2.9 | (ا) بیوی کو نظر انداز کرنا........................................ | 68 |
| 2.10 | (۲) طلاق کی دھمکی........................................ | 70 |
| 2.11 | گناہوں کا دروازہ ........................................ | 70 |
| 2.12 | تجربے کی بات........................................ | 71 |
| 2.13 | طلاق......ایک ناپسندیدہ چیز........................................ | 73 |
| 2.14 | طلاق سے پہلے........................................ | 73 |
| 2.15 | طلاق کا صحیح طریقہ ........................................ | 74 |
| 2.16 | (۳) دوسری شادی کی دھمکی........................................ | 75 |
| 2.17 | عدل کرنا آسان کام نہیں ........................................ | 76 |
| 2.18 | دوسری شادی کا خیال کیسے نکلا........................................ | 76 |
| 2.19 | (۴) بے عزت کرنا........................................ | 78 |
| 2.19 | (۵) وقت نہ دینا........................................ | 79 |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 2.20 | بعض نیکوکار مردوں کی غلطی ........ | 80 |
| 2.21 | تلاش معاش پر جانے والوں کی غلطی ........ | 82 |
| 2.22 | (۶) بیوی کیلئے پابندی اپنے لئے آزادی ........ | 84 |
| 2.24 | (۷) نکتہ چینی ........ | 85 |
| 2.25 | بہترین پرفارمنس کیلئے لچک ضروری ہے ........ | 87 |
| 2.26 | (۸) تیسرے بندے کی خاطر بیوی سے جھگڑا ........ | 88 |
| 2.27 | (۹) الزام لگانا ........ | 89 |
| 2.28 | (۱۰) بیوی کے اقارب سے بے اعتنائی ........ | 90 |
| 2.29 | ایک جوڑے کا واقعہ ........ | 91 |
| 2.30 | خلاصۂ کلام ........ | 93 |
| 3 | شوہر کیلئے دس سنہری اصول | 95 |
| 3.1 | (۱) ہمیشہ مسکراتے ہوئے گھر میں آئیں ........ | 96 |
| 3.2 | مسنون عمل نے طلاق سے بچالیا ........ | 97 |
| 3.3 | شیطان کو گھر میں داخل ہونے سے روکیں ........ | 99 |
| 3.4 | (۲) بیوی کے اچھے کاموں کی تعریف کریں ........ | 100 |
| 3.5 | نبی اکرم ﷺ کا طریقۂ اصلاح ........ | 101 |
| 3.6 | جانوروں کی تربیت کا سائنٹفک اصول ........ | 102 |
| 3.7 | (۳) بیوی کے کاموں میں دلچسپی لے ........ | 105 |
| 3.8 | یک خاوند کی ذہانت ........ | 105 |
| 3.9 | انبیاء علیہم السلام اہلخانہ کی ضروریات کی فکر رکھتے تھے ........ | 106 |
| 3.10 | (۴) کبھی بیوی کو ہدیہ اور تحفہ دیا کریں ........ | 109 |

| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 110 | تحفہ دینا نبی ﷺ کی سنت ہے.................... | 3.11 |
| 110 | خاوند کا تحفہ بیوی کو یاد رہتا ہے.................... | 3.12 |
| 112 | آم کے آم گٹھلیوں کے دام.................... | 3.13 |
| 113 | اسلام محبت پھیلانے والا دین ہے.................... | 3.14 |
| 114 | (۵) بیوی سے محبت و ملاطفت کا اظہار کریں.................... | 3.15 |
| 114 | نبی اکرم ﷺ کی سنت.................... | 3.16 |
| 116 | دینداروں کیلئے لمحہ فکریہ.................... | 3.17 |
| 118 | (۶) دل لگی اور دل جوئی کی باتیں کیا کریں.................... | 3.18 |
| 118 | نبی علیہ السلام کے بعض واقعات.................... | 3.19 |
| 120 | بعض دینداروں کا حال.................... | 3.19 |
| 121 | (۷) تحمل اور درگزر سے کام لیا کریں.................... | 3.20 |
| 122 | معاف کر دینے کا نتیجہ.................... | 3.21 |
| 123 | اورنگ زیب عالمگیر کا حیرت انگیز واقعہ.................... | 3.22 |
| 125 | (۸) گھر میں شریعت کی پابندی کروائیں.................... | 3.24 |
| 127 | بے پردگی کی نحوست.................... | 3.25 |
| 129 | شریعت کی پابندی کروانا خاوند کی ذمہ داری ہے.................... | 3.26 |
| 130 | (۹) میاں بیوی دونوں ایک وقت میں غصہ نہ کھائیں.................... | 3.27 |
| 131 | نبی ﷺ کی سنت.................... | 3.28 |
| 132 | میاں بیوی کا غصہ شیطان کو خوش کرتا ہے.................... | 3.29 |
| 133 | (۱۰) آپسمیں ناراضگی کی حالت میں کبھی نہ سوئیں.................... | 3.30 |
| 134 | میاں بیوی میں فقط جیت ہوتی ہے.................... | 3.31 |

| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 214 | مثالی ازدواجی زندگی میں شوہر کا کردار | 4 |
| 138 | آج کا موضوع........................ | 4.1 |
| 138 | سکون کا باعث تین چیزیں........................ | 4.2 |
| 139 | بے سکون زندگی کی وجہ........................ | 4.3 |
| 140 | عشاء کے بعد جلد سونے کی عادت ڈالیں........................ | 4.4 |
| 140 | سنت کو ترک کرنے کا وبال........................ | 4.5 |
| 142 | سنن و مستحبات کو ہلکا نہ سمجھیں........................ | 4.6 |
| 143 | آج کل کے غافلوں کا حال........................ | 4.7 |
| 144 | تہجد کے وقت اٹھنے کی برکت........................ | 4.8 |
| 144 | بچوں کو جلدی اٹھنے کی عادت ڈالیں........................ | 4.9 |
| 145 | فجر کے وقت جاگنے کے فوائد........................ | 4.10 |
| 145 | فجر کے بعد سونے کے نقصانات........................ | 4.11 |
| 147 | زندگی کا منحوس دن........................ | 4.12 |
| 147 | منور دن........................ | 4.13 |
| 148 | بچوں کے سامنے بحث مباحثے سے بچیں........................ | 4.14 |
| 150 | مان جانے میں خیر ہے........................ | 4.15 |
| 150 | پیار کا وار تلوار سے زیادہ کارگر ہوتا ہے........................ | 4.16 |
| 151 | اپنی ضرورت حلال طریقے سے پوری کرے........................ | 4.17 |
| 152 | گھر کے ماحول کی طرف توجہ........................ | 4.18 |
| 153 | گھر کی عورتوں پر توجہ........................ | 4.19 |
| 153 | ساس بہو کے جھگڑے........................ | 4.20 |

| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 154 | ایک عالمہ لڑکی کا واقعہ | 4.21 |
| 156 | ساس کے سوچنے کی بات | 4.22 |
| 156 | خاوند کی ذمہ داری | 4.23 |
| 157 | گھر کے اندر پروقار رہیے | 4.24 |
| 158 | تحمل مزاجی اختیار کریں | 4.25 |
| 159 | صبر ہو تو ایسا | 4.26 |
| 160 | بات چھپانے سے غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں | 4.27 |
| 161 | درگزر سے کام لینا چاہیے | 4.28 |
| 161 | حضرت عمرؓ کی تعلیم | 4.29 |
| 163 | دس حماقتیں | 4.30 |
| 166 | روز کے لڑائی جھگڑے سے بچیں | 4.31 |
| 167 | بیویوں کو کچھ ذاتی خرچ دے دینا چاہیے | 4.32 |
| 168 | بیویوں کیلئے اللہ تعالیٰ کی سفارش | 4.33 |
| 169 | بیویوں کیلئے نبی ﷺ کی سفارش | 4.34 |
| 170 | حضرت مرشد عالمؒ کا عمل | 4.35 |
| 171 | مکافات عمل | 4.36 |
| 173 | بیوی کیلئے بیس سنہری اصول | 5 |
| 174 | عورت کی زندگی کے تین پہلو | 5.1 |
| 175 | اچھی بیوی کی چار صفات | 5.2 |
| 175 | پہلی صفت | 5.3 |
| 175 | دوسری صفت | 5.4 |

| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| 176 | تیسری صفت........................ | 5.5 |
| 178 | چوتھی صفت........................ | 5.6 |
| 179 | خوش نصیب کون؟........................ | 5.7 |
| 179 | حسنِ صورت یا حسنِ سیرت........................ | 5.8 |
| 180 | عورت کا راہ سلوک........................ | 5.9 |
| 181 | بیویوں کیلئے بیس رہنما اصول........................ | 5.10 |
| 181 | (۱) کھانے کو ذکر وفکر کے ساتھ پکائیں........................ | 5.11 |
| 182 | مشکوک خوراک کے بچے کی تعلیم پر اثرات........................ | 5.12 |
| 184 | (۲) کام کو وقت پر سمیٹنے کی عادت ڈالئے........................ | 5.13 |
| 186 | (۳) گھر کو صاف ستھرا رکھئے........................ | 5.14 |
| 187 | چیزوں کو ترتیب سے رکھنے کا اجر........................ | 5.15 |
| 189 | (۴) سنی سنائی بات کو آگے بیان نہ کریں........................ | 5.16 |
| 190 | (۵) خاوند کو دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا کرے........................ | 5.17 |
| 192 | (۶) خاوند کے آنے سے پہلے اپنے کو صاف ستھرا کرلے........................ | 5.18 |
| 193 | (۷) رشتہ داروں کے ہاں صلہ رحمی کی نیت سے جائیں........................ | 5.19 |
| 194 | پردے کا لحاظ رکھیں........................ | 5.20 |
| 195 | (۸) شوہر کو صدقہ خیرات کی ترغیب دیتی رہیں........................ | 5.21 |
| 197 | سخاوت کی قدر........................ | 5.22 |
| 197 | (۹) گھر کے اندر ایک جگہ مصلے کیلئے مخصوص کردیں........................ | 5.23 |
| 198 | (۱۰) فون پر مختصر بات کرنے کی عادت ڈالیں........................ | 5.24 |
| 200 | (۱۱) اہم باتیں نوٹ کرنے کیلئے ایک نوٹ بک بنائیں........................ | 5.25 |
| 202 | (۱۲) کچھ ضرورت کی چیزوں کو سنبھال کر رکھیں........................ | 5.26 |

| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| 204 | (۱۳) کوئی کام ایسا نہ کرے جس کی وجہ سے خاوند کی نظروں سے گر جائے. | 5.27 |
| 205 | (۱۴) بچوں کے بارے میں اپنے خاوند سے مشورہ کرتی رہیں........ | 5.28 |
| 205 | (۱۵) خاوند کی ضرورت پوری کرنے میں کوئی تردد نہ کرے.......... | 5.29 |
| 208 | (۱۶) خاوند کو پریشانی کے وقت تسلی دے.................... | 5.30 |
| 209 | ایک کروڑ پتی شخص کی حوصلہ مند بیوی.................... | 5.31 |
| 210 | (۱۷) غلطی کو مان لینے میں عظمت ہے اور خاموشی میں عافیت ہے.... | 5.32 |
| 211 | (۱۸) اپنے دل کا غم فقط اللہ کا آگے بیان کریں.................... | 5.33 |
| 211 | (۱۹) خاوند کے قرابت داروں سے اچھا سلوک رکھیں.............. | 5.34 |
| 213 | (۲۰) اگر خالق کی نافرمانی ہوتی ہو تو مخلوق کی اطاعت نہ کرے...... | 5.35 |
| 215 | شوہر کا دل جیتنے کے طریقے | 6 |
| 216 | عورت مرد کیلئے ایک حسین تحفہ.......................... | 6.1 |
| 217 | نکاح کے بغیر زندگی ادھوری ہے.......................... | 6.2 |
| 217 | مؤمنوں اور کافروں کی بیویوں میں فرق.......................... | 6.3 |
| 218 | نکاح ایک پختہ عہد کا نام ہے.......................... | 6.4 |
| 219 | نبی اکرم ﷺ کی غمخوار.......................... | 6.5 |
| 219 | نبی اکرم ﷺ کی آخری تعلیم.......................... | 6.6 |
| 220 | بیوی کی پریشانی انسان کو بوڑھا کر دیتی ہے.......................... | 6.7 |
| 222 | میاں بیوی کو باہم باعث سکون بننا چاہیے.......................... | 6.8 |
| 223 | ایک سمجھدار خاوند کی اپنی بیوی کو نصیحت.......................... | 6.9 |
| 224 | ایک مرد اپنی بیوی سے کیا چاہتا ہے؟.......................... | 6.10 |
| 226 | شوہر کا دل جیتنے کے طریقے.......................... | 6.11 |
| 227 | بیوی خاوند سے عزت کے صیغے میں بات کرے.......................... | 6.12 |

| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 228 | عورت اپنے اندر صبر وتحمل پیدا کرے............ | 6.13 |
| 229 | کفایت شعاری اختیار کرے............ | 6.14 |
| 230 | عورت کو چاہیے کہ ہر حال میں شوہر کا ساتھ دے............ | 6.15 |
| 231 | جب نیک بنیں گے تب ایک بنیں گے............ | 6.16 |
| 232 | عورتوں میں بات کا بتنگڑ بنانے کی بری عادت............ | 6.17 |
| 233 | خاوند کی ناشکری نہ کرے............ | 6.18 |
| 234 | خاوند کے سامنے ہر وقت تر وتازہ رہے............ | 6.19 |
| 235 | مرد کی پٹڑی کیوں بدل جاتی ہے............ | 6.20 |
| 236 | شوہر کی بے رخی کا علاج خود بیوی نے کرنا ہے............ | 6.21 |
| 237 | بر موقع اور بر محل بات شوہر کے دل کو متاثر کرتی ہے............ | 6.22 |
| 240 | الوداع اور استقبال کے لمحات............ | 6.23 |
| 241 | شوہر کو گھائل کرنے کیلئے بیوی کے چند ہتھیار............ | 6.24 |
| 241 | آنکھوں کا ہتھیار............ | 6.25 |
| 242 | باتوں کا ہتھیار............ | 6.26 |
| 243 | خوشبو کا استعمال............ | 6.27 |
| 244 | محبت بھرا بوسہ............ | 6.28 |
| 244 | اداؤں کے تعویذ............ | 6.29 |
| 245 | خاوند کی تعریف کرنا صحابیات کی سنت ہے............ | 6.30 |
| 247 | خاوند کی ضرورت پوری کرنے سے انکار نہ کریں............ | 6.31 |
| 249 | جنتی عورت......شوہر کی فرمانبردار | 7 |
| 251 | جنتی عورت کون؟............ | 7.1 |
| 252 | جنتی عورت کی تین نشانیاں............ | 7.2 |

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 7.3 | پہلی نشانی: ودود ........................ | 253 |
| 7.4 | اپنا موازنہ نہ کیجئے ........................ | 254 |
| 7.5 | دوسری نشانی: ولود ........................ | 255 |
| 7.6 | کفر کے ماحول میں اولاد کا تصور ........................ | 256 |
| 7.7 | دین اسلام میں اولاد کا تصور ........................ | 257 |
| 7.8 | حاملہ عورت کیلئے اجر وثواب ........................ | 257 |
| 7.9 | تیسری نشانی: شوہر کو منانے والی ........................ | 258 |
| 7.10 | خاوند کو ناراض کر کے سونے والی پر فرشتوں کی لعنت ........................ | 260 |
| 7.11 | عورت کیلئے جنت آسان ........................ | 261 |
| 7.12 | شوہر فرمانبرداری سے صدیقین کا رتبہ ........................ | 262 |
| 7.13 | نمازوں کی سستی ........................ | 264 |
| 7.14 | عزت کی حفاظت ........................ | 264 |
| 7.15 | خاوند کی اطاعت ........................ | 265 |
| 7.16 | خاوند کو مٹھی میں کرنے کا طریقہ ........................ | 266 |
| 7.17 | خاوند کی اطاعت کا عجیب واقعہ ........................ | 267 |
| 7.18 | اللہ تعالیٰ کی محبوب بندی ........................ | 268 |
| 7.19 | جنتی بیوی شوہر سے پہلے جنت میں داخل ہوگی ........................ | 271 |
| 7.20 | بچوں کی خاطر نکاح ثانی نہ کرنے والی کا درجہ ........................ | 272 |
| 7.21 | دنیا کی عورتیں افضل ہیں یا جنت کی حوریں ........................ | 273 |
| 7.22 | ایک کڑوی حقیقت ........................ | 275 |
| 7.23 | آیئے عہد کریں ........................ | 275 |

# پیش لفظ

جب کوئی عورت اور مرد شرعی گواہان کے روبرو ایجاب وقبول کر لیتے ہیں تو دینی نکتہ نظر سے وہ میاں اور بیوی بن جاتے ہیں۔ گویا ایک فیملی یونٹ تشکیل پا جاتا ہے۔ اب دیکھنے میں تو یہ فقط دو بندوں کا ملاپ ہے اور معمول کی کاروائی ہے۔لیکن ذرا گہری نظر سے دیکھا جائے تو دو بندوں کا یہ ساتھ، ایک عہد، ایک زمانے کی بنیاد ہوتا ہے۔ اگر تو دونوں میاں بیوی شریعت وسنت کا خیال رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے حقوق کی پاسداری کرتے ہیں تو محبت ویگانگت کی ایسی فضا پیدا ہوتی ہے کہ نہ صرف ان کی اپنی زندگی مسرت وشادمانی سے بھرپور ہوتی ہے بلکہ ان کی اولاد پر بھی اس کے مثبت اثرات ظاہر ہوتے ہیں، اوران سے ایسی نسلیں پیدا ہوتی ہیں ہیں جوزمانے کی قیادت کرتی ہیں۔اسی لئے نبی علیہ السلام نے یہ دعا سکھائی،

ربنا هب لنا من ازواجنا و ذریتنا قرة اعین و جعلنا للمتقین اماماً

اے اللہ ہمیں ایسی بیویاں اور ایسی اولاد عطا فرما جو ہماری آنکھوں کی

ٹھنڈک بنیں اور انہیں متقیوں کا امام بنا۔

اور اگر خدانخواستہ دونوں میاں بیوی، سوچ وسمجھ سے عاری اور ایک دوسرے حقوق پامال کرنے والے ہوں گے تو پھر شیطان کو وار کرنے کا موقع ملتا ہے۔ وہ ان کی زندگی میں ایسی تلخیاں گھول دیتا ہے کہ نہ صرف ان کی اپنی زندگی جہنم زار بنی رہتی ہے بلکہ اس کی نحوست ان کی اولاد پر بھی پڑتی ہے اور وہ منفی خیالات و رجحانات کی حامل بن جاتی ہے۔ وہ نہ صرف والدین کی ناک میں دم کرتی ہے بلکہ معاشرے میں برائی کی علامت (Symbol) بن جاتی ہے۔ تو میاں بیوی کا یہ ملن صرف دو انسانوں کا ملاپ نہیں ہوتا بلکہ دو خاندانوں کا ملاپ ہوتا ہے۔

دراصل میاں اور بیوی ایک گاڑی کے دو پہیوں کی مانند ہوتے ہیں۔ اگر یہ دونوں اپنی اپنی جگہ پر ٹھیک ٹھاک اور ہموار چلتے رہیں تو زندگی کا سفر پرسکون اور خوشگوار گزرتا ہے۔ اگر یہ ٹیڑھے ہو جائیں، یا اپنی جگہ چھوڑ دیں تو ایکسیڈنٹ سے گھر کی گاڑی تباہ ہو جایا کرتی ہے۔ اور اگر پہیے چلتے تو رہیں لیکن ایسے بے ڈھب ہوں کہ ساری زندگی ''کھٹ کھٹ چوں چوں'' کا شور کرتے رہیں تو گاڑی مسلسل ہچکولے اور دھکے کھاتی رہتی ہے اور زندگی کا سفر انتہائی تلخ اور بے مزہ ہو کر رہ جاتا ہے۔

آج معاشرے میں اکثر گھروں میں کہیں کلی طور پر اور کہیں جزوی طور پر بھی صورتحال دیکھنے کو ملتی ہے۔ عجیب بات کہ باہم میاں بیوی ہوتے ہیں لیکن اعتماد و التفات کا نام نہیں ہوتا، ایک ہی گھر میں رہتے ہیں لیکن ایک کا منہ مشرق کی طرف اور دوسرے کا مغرب کی طرف ہوتا ہے۔ بعض گھروں میں آئے دن کی تو تکار کے ساتھ ساتھ مار پیٹ تک کی نوبت بھی آجاتی ہے۔ بقول شاعر

اک ہنگامے پہ موقوف ہے گھر کی رونق
نغمۂ غم ہی سہی نغمہ شادی نہ سہی

فقیر نے بہت سے دیندار گھرانوں میں بھی انہی محرومیوں کا مشاہدہ کیا تو احساس ہوا کہ آج کے میاں بیوی کو ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ وہ اپنے ہی بوئے ہوئے کانٹوں میں الجھنے اور اپنی ہی لگائی ہوئی آگ میں جلنے کی بجائے۔ شریعت وسنت کی روشن تعلیمات سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے گھروں میں پیار کے دیپ جلائیں۔ شیطان کے جی کو جلائیں اور امن وچین کی بانسری بجائیں۔

اس ضمن میں زیمبیا (افریقہ) کی ایک کمیونٹی میں میاں بیوی کیلئے اصلاحی بیانات کا ایک سلسلہ چلا اور ازدواجی زندگی کے معاملات پر لب کشائی کا موقع ملا تو اس کے نتائج توقع سے بھی زیادہ شاندار نظر آئے۔ بہت سے نوجوان جوڑوں کے گھروں سے خوشگوار انقلاب کی حوصلہ افزاء خبریں سننے کو ملیں۔ اس سے فقیر کو ان باتوں کی افادیت کا اندازہ ہوا۔ لہٰذا فقیر کے دل میں یہ خواہش تو تھی کہ محبت کے اس پیغام کو عام کرنا چاہیے کہ ''میرا پیغام محبت ہے جہاں تک پہنچے''۔ تاہم عزیزی عزیزم ڈاکٹر شاہد محمود صاحب نے بیانات کی اہمیت کے پیش نظر انہیں طبع کروانے کی طرف عملی قدم اٹھایا تو دل بہت مسرور ہوا کہ انہوں نے فقیر کی دل کی تمنا کو پورا کر دیا۔ اللہ رب العزت انہیں اپنے مقبول بندوں میں شامل فرمائے آمین ثم آمین۔

اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید ہے کہ جو میاں بیوی بھی اپنے طرز زندگی کو کتاب میں دی گئی ہدایات کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں گے۔ تو ان کا گھر

خوشیوں کا گہوارہ بنے گا۔اپنے آپ کو تو خوشیاں ملیں گی ہی ، اللہ تعالیٰ بھی خوش ہوں گے۔اور سچی بات تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا ہی تو مطلوب ہے۔اللہ رب العزت ہمیں دنیا و آخرت میں خوشیوں بھری زندگیاں نصیب فرمائے۔آمین ثم آمین

دعا گو و دعا جو

فقیر ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی

کان اللہ لہ عوضا عن کل شیء

# عرضِ مرتب

عام طور پر ماہر حکیم ہوتے ہیں وہ بڑے نبض شناس ہوتے ہیں۔ وہ نبض پر ہاتھ رکھتے ہی مریض کا حال و کیفیت سمجھ جاتے ہیں۔ پھر مرض کی نوعیت کے مطابق دوا کھلاتے ہیں یا مرہم رکھتے ہیں اور اگر کوئی ناسور ہو تو نشتر بھی لگاتے ہیں۔ ہمارے پیر و مرشد محبوب العلماء والصلحاء حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی دامت برکاتہم کو بھی اللہ تعالیٰ نے کچھ ایسی ہی شان حکمت عطا فرمائی ہے۔ لیکن وہ روحانی حکیم ہیں۔ ان کا ذوق وجدان معاشرے کے بگڑے ہوئے پہلوؤں کو خود ہی ان پر اجاگر کر دیتا ہے پھر وہ اس کے حسب حال علاج بھی تجویز فرماتے ہیں۔ ہدایات کی صورت میں ہو، یا بیانات کی صورت میں۔ چونکہ ان کی اصلاح بھی حکیمانہ ہوتی ہے لہٰذا وہ انتہائی باریک نکات و جزئیات کو بھی ہاتھ سے جانے نہیں دیتے اور ہر ہر پہلو پر مؤثر رہنمائی فرماتے ہیں۔ یہی چیز ان کے بیانات کو منفرد بنا دیتی ہے۔

زیر نظر کتاب حضرت کے کچھ ایسے ہی بیانات کا مجموعہ ہے جو انہوں نے خوشگوار ازدواجی زندگی کے متعلق ارشاد فرمائے۔ کامیاب اور خوشگوار ازدواجی زندگی کی تو ہر کوئی تمنا کرتا ہے۔ لیکن بہت سے عوامل ایسے ہوتے ہیں جو اس میں رکاوٹ بن جاتے ہیں۔ حضرت نے اپنے ان بیانات میں انہی عوامل کو تفصیل سے

بیان کیا ہے۔ اور ان کے سد باب کیلئے ایسے اعمال وافعال تجویز کیے ہیں جس پر عمل کر کے میاں بیوی کی زندگی میں حیرت انگیز تبدیلی آسکتی ہے۔ عمل کی نیت سے پڑھنے والے یقیناً اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں گے۔

عاجز کیلئے یہ بڑی سعادت کی بات ہے کہ ان بیانات کی ترتیب واشاعت کا موقع ملا۔ فیض تو یہ حضرت دامت برکاتہم کا ہی ہے لیکن اللہ کی شان ہم جیسے مفت خورے بھی مفت میں فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ بہرحال اللہ تعالیٰ کی شان کریمی سے امید ہے کہ بندہ کو اس کے ثواب اور اس کی برکات سے محروم نہیں فرمائیں گے۔ وماذالک علی اللہ بعزیز

ڈاکٹر شاہ محمود نقشبندی غفرلہٗ
خادم مکتبۃ الفقیر فیصل آباد